FRIDAY, JUNE 02, 2023
ABC CERTIFIED
قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن
اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفر آباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے روزانہ شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار
E-mail:ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com
روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان
جلد: 25 جمعۃ المبارک، 12 ذی القعدہ 1444ھ، 2 جون 2023ء، 19 جیٹھ 2080ب، صفحات 10 قیمت 30 روپے شمارہ: 163
Registered ID 174

وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد

صدر کی شالیمار ریکارڈنگ کمپنی کو سیکیورٹی کمپنی کے بقایاجات ادا کرنیکی ہدایت

اسلام آباد (وقائع نگار) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے شالیمار ریکارڈنگ اینڈ براڈ کاسٹنگ کمپنی کو سیکیورٹی کمپنی کے 10.32 ملین روپے کے بقایاجات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 38)

ادا کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف شالیمار ریکارڈنگ کمپنی کی اپیل مسترد کر دی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جمعرات کو جاری بیان کے مطابق شالیمار ریکارڈنگ نے سیکیورٹی خدمات کے عوض ایک کمپنی کو 10.32 ملین روپے کے بقایاجات ادا کرنے تھے، شالیمار ریکارڈنگ نے مالی بحران کی وجہ سے رقم ادا کرنے سے معذوری ظاہر کی تھی۔ صدر مملکت نے کہا کہ سیکرٹری وزارت اطلاعات و نشریات سال کے اندر ماہانہ اقساط میں بقایاجات کی ادائیگی کو یقینی بنائیں، اگر ضروری ہو تو سیکرٹری وزارت اطلاعات و نشریات چھ ماہ کے اندر مجاز فورم سے منظوری لیں۔

•0000؟ 7

Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات

2nd June, 2023

Page No Back Page

صدر مملکت نے ریکارڈنگ کمپنی کی اپیل مسترد کردی

کمپنی کے زمہ سکیورٹی مدمیں 10.32 ملین واجب الادا، اب معذوری ظاہر کردی

سیکرٹری وزارت اطلاعات سال کے اندر بقایاجات ادائیگی یقینی بنائیں، صدر مملکت

اسلام آباد(اے پی پی)صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے شالیمار ریکارڈنگ اینڈ براڈ کاسٹنگ کمپنی کو سکیورٹی کمپنی کے 10.32 ملین روپے کے بقایاجات ادا کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف شالیمار ریکارڈنگ کمپنی کی اپیل مسترد کر دی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق شالیمار ریکارڈنگ نے سکیورٹی خدمات کے عوض ایک کمپنی کو 10.32 ملین روپے کے بقایاجات ادا کرنے تھے، شالیمار ریکارڈنگ نے مالی بحران کی وجہ سے رقم ادا کرنے سے معذوری ظاہر کی تھی۔ صدر مملکت نے کہا کہ سیکرٹری وزارت اطلاعات ونشریات سال کے اندر ماہانہ اقساط میں بقایا جات کی ادائیگی کو یقینی بنائیں، اگر ضروری ہو تو سیکرٹری وزارت اطلاعات ونشریات چھ ماہ کے اندر مجاز فورم سے منظوری لیں۔ وفاقی محتسب نے کمپنی کو خدمات کے مد میں 10320800 روپے ادا کرنے کی ہدایت کی تھی، شالیمار ریکارڈنگ کمپنی نے مالی مسائل کی وجہ سے اقساط میں بھی رقم ادا کرنے سے عاجزی کا اظہار کیا جس پر سکیورٹی کمپنی نے وفاقی محتسب سے رجوع کیا، جس نے اس کے حق میں احکامات جاری کیے۔ فیصلے کے بعد شالیمار ریکارڈنگ نے صدر مملکت کے پاس اپیل دائر کی جسے مسترد کر دیا گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ شالیمار کمپنی نے عجیب موقف اختیار کیا کہ یہ ایجنسی کے زمرے میں نہیں آتی۔ صدر نے کہا کہ وزارت، ڈویژن یا کوئی قانونی کارپوریشن یا حکومت کے زیر انتظام یا قائم کردہ ادارہ ایجنسی کی تعریف میں آتا ہے، شالیمار براڈ کاسٹنگ ایک پبلک سیکٹر کمپنی ہے جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت قائم ہوئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ شالیمار کمپنی رولز آف بزنس کے تحت انتظامی طور پر وزارت اطلاعات ونشریات کے ذریعے کنٹرول کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمپنی اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں ناکام رہی جس کا اس نے اعتراف کیا، کمپنی نے رقم ادا کرنے سے انکار کیا جو کہ بدانتظامی کے مترادف ہے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ وفاقی محتسب کا فیصلہ معقول اور منطقی ہے، شالیمار کمپنی اپنے موقف کی حمایت میں کچھ بھی پیش نہیں کرسکی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بدانتظامی ثابت ہوئی لہٰذا شالیمار ریکارڈنگ اینڈ براڈ کاسٹنگ کمپنی محتسب کے حکم کے مطابق بقایاجات ادا کرے۔

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی
روزنامہ پاکستان
THE DAILY PAKISTAN

2nd June, 2023

Page No Back Page

صدر علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے

کیخلاف ریکارڈنگ کمپنی کی اپیل مسترد کردی

اسلام آباد (نامہ نگار) صدر مملکت عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف ریکارڈنگ کمپنی کی اپیل مسترد کرتے ہوئے ریکارڈنگ کمپنی کو سیکیورٹی کمپنی کے بقایا جات ادا کرنے کی ہدایت کردی۔ ریکارڈنگ کمپنی نے مالی بحران کے باعث رقم ادا کرنے سے معذوری ظاہر کی تھی۔ صدر مملکت نے کہا کہ سیکریٹری وزارت اطلاعات و نشریات ایک سال کے اندر بقایا جات کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ وفاقی محتسب نے کمپنی کو خدمات کی مد میں 1 کروڑ روپے سے زائد ادائیگی کی ہدایت کی تھی۔